● ''مسائل زکوۃ، قرآن وحدیث کی روشنی میں'' مؤلف: مولانا محمد رفعت قاسمی (مدرس دارالعلوم دیوبند)

ضخامت: ۲۸۸ صفحات قیمت: ۱۸۰ روپے ناشر: ''المیزان''، الکریم مارکیٹ، اردو بازار لاہور

زکوۃ اسلام کے بنیادی ارکانِ خمسہ میں سے ایک ہے اور ہر صاحبِ نصاب مسلمان پر فرض ہے۔ زکوۃ کا نصاب کیا ہے؟ زکوۃ کیسے ادا کی جائے؟ زکوۃ ادا کرنے والوں کی فضیلت اور ادا نہ کرنے والوں کا آخرت میں عبرت ناک انجام تمام مسائل کی تفصیلات اس کتاب میں موجود ہیں۔ دین کے مسائل کو جاننا، سمجھنا اور ان پر عمل کرنا ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ بھی عامۃ المسلمین کی دین سے ناواقفیت کو دور کرتا ہے۔ انداز نہایت سادہ اور عام فہم ہے۔

● ماہنامہ ''الفاروقیہ'' شجاع آباد مدیر: مولانا زبیر احمد صدیقی

قیمت فی شمارہ: ۲۰ روپے ناشر: جامعہ فاروقیہ پرانا ملتان روڈ، شجاع آباد، ملتان

صحافت کی دنیا بڑی وسیع ہو چکی ہے۔ عصرِ حاضر میں پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا نے معلومات، تجزیہ اور پالیسی سازی کے میدان میں تہلکہ خیز ترقی کی ہے۔ کام کا رخ، میدان اور انداز سب کچھ بدل کر رکھ دیا ہے۔ ایسی وسیع وعریض دنیا میں دینی صحافت کا علم لے کر نکلنا اور مسلمانوں کی صحیح رہنمائی کرنے جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔

دینی مدارس اور دینی جرائد ورسائل کچھ لازم وملزوم سے ہو کر رہ گئے ہیں۔ تقریباً ہر بڑے مدرسے نے اپنا جریدہ نکال لیا ہے۔ ان کی تقلید میں بعض چھوٹے مدارس نے بھی اپنے اپنے جرائد ورسائل شائع کرنے شروع کر دیے ہیں۔ ان میں غیر معیاری رسائل کی بہتات ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ معیاری جرائد کی اشاعت کے ذریعے مسلمانوں کے عقائد واعمال کی اصلاح اور تبلیغ دین کا فریضہ پوری قوت اور شان وشوکت سے ادا کیا جائے۔

''ماہنامہ الفاروقیہ'' کی جلد ۳، شمارہ ۳، ربیع الاول ۱۴۳۲ھ اس وقت ہمارے پیش نظر ہے۔ مولانا زبیر احمد صدیقی ایک ذہین، باصلاحیت، مخلص، محنتی انسان اور عالم باعمل ہیں۔ زیر مطالعہ رسالہ ان کی بالغ نظری، فکری حمیتوں اور عملی جدوجہد کا غماز وترجمان ہے۔

خوبصورت سرورق، اعلیٰ طباعت، حالات حاضرہ پر جاندار ادارتی تحریر، معیاری علمی ودینی مضامین کے جلو میں شاہراہ صحافت پر اپنی دینی آن اور شان کے ساتھ گامزن ہے۔ مولانا زبیر احمد صدیقی مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ نہیں کامیابیاں عطا فرمائے۔ (آمین)

(تبصرہ: عین الزمان عادل)

☆☆☆